روزنامہ
# الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 5 ستمبر 2006ء 11 شعبان 1427 ہجری 5 تبوک 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 199

## نیک باتیں کہو

حضرت ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

جب تم کسی مریض کی عیادت کیلئے یا کسی میت کے پاس جاؤ تو اچھی اور نیک باتیں کہو کیونکہ جو تم کہتے ہو اس پر فرشتے آمین کہتے ہیں۔

(صحیح مسلم کتاب الجنائز باب مایقال عند المریض حدیث نمبر:1527)

### وفات پانے والے چند بزرگوں کے اخلاص و وفا کا تذکرہ اور جلسہ سالانہ امریکہ میں شمولیت کرنے والوں کو زریں نصائح

## خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں

### اللہ تعالیٰ جماعت میں آئندہ بھی علم و عرفان اور وفا سے بھرے وجود پیدا کرتا رہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ یکم ستمبر 2006ء بمقام بیت الفتوح لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ یکم ستمبر 2006ء کو بیت الفتوح لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد کرتے ہوئے گزشتہ دنوں وفات پا جانے والے چار بزرگوں حضرت مرزا عبدالحق صاحب، محترم مولانا جلال الدین قمر صاحب، محترمہ صاحبزادی امۃ الباسط صاحبہ اور محترم ماسٹر منور احمد صاحب آف گجرات کا ذکر خیر فرمایا اور یکم ستمبر سے شروع ہونے والے امریکہ کے جلسہ سالانہ میں شمولیت کرنے والوں کو زریں نصائح فرمائیں۔ ایم۔ٹی۔اے نے حضور انور کا یہ خطبہ براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا اور مختلف زبانوں میں اس کا رواں ترجمہ بھی نشر کیا۔

حضور انور نے سورۃ العنکبوت کی آیات نمبر 58-59 کی تلاوت کے بعد فرمایا کہ گزشتہ دنوں سلسلہ کے چند بزرگوں کی وفاتیں ہوئی ہیں۔ یہ موت کا عمل تو انسان کے ساتھ لگا ہوا ہے جو دنیا میں آتا ہے اس نے جانا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہر چیز جو زمین پر ہے وہ فانی ہے اور صرف تیرے رب کی ذات باقی رہنے والی ہے جو جلال اور اکرام والی ہے۔ پس خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو خدا سے چمٹے رہتے، اس کی پناہ میں آ جاتے اور اس کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا جو آیات میں نے تلاوت کی ہیں ان میں بھی اسی مضمون کو بیان کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے پھر ہماری طرف ہی تم سب کو لوٹایا جائے گا۔ اور وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں اور اس کے مطابق عمل بھی کرتے ہیں ہم ان کو جنت میں بالا خانوں میں جگہ دیں گے (ایسی جنت میں) کہ اس کے سایوں تلے نہریں بہتی ہوں گی وہ مومن ان جنتوں میں ہمیشہ رہتے چلے جائیں گے اور اچھے عمل کرنے والوں کا اجر بہت اچھا ہوتا ہے۔

حضور انور نے حضرت مرزا عبدالحق صاحب کے بارے میں فرمایا کہ آپ نے 106 سال عمر پائی 1916ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ہاتھ پر بیعت کی جسے آپ نے پورے وفا اور اخلاص سے ظاہری اور باطنی رنگ میں نبھانے کی بھرپور کوشش کی اور احمدیت کا صحیح نمونہ بننے کیلئے رفقاء کا رنگ چڑھا لیا تھا۔ آپ کی شخصیت گہرا علمی ذوق رکھنے والی تھی۔ چار خلفاء احمدیت کے ساتھ کامل اطاعت اور فرمانبرداری سے کام کیا۔ آخری دم تک میرے ساتھ بھی وفا کا نمونہ دکھایا۔ خلافت سے انتہائی خلوص و وفا اور محبت کا تعلق تھا۔ آپ صائب الرائے تھے اور دوسروں کی رائے حوصلہ سے سنتے اور قدر کرتے تھے 84 سال تک خدمات دینیہ بجالانے کی توفیق پائی۔ اللہ جماعت میں آئندہ بھی ایسے علم و عرفان اور وفا سے بھرے وجود پیدا کرتا رہے۔ اللہ آپ کے درجات بلند سے بلند تر فرماتا چلا جائے۔

حضور انور نے محترم مولانا جلال الدین قمر صاحب کا ذکر خیر کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ نے 86 سال عمر پائی۔ لمبا عرصہ فلسطین اور مشرقی افریقہ میں دعوت الی اللہ کی۔ کئی زبانوں پر عبور حاصل تھا۔ 11 سال جامعہ میں پڑھاتے رہے۔ اللہ ان کے درجات بلند فرمائے۔

محترمہ صاحبزادی امۃ الباسط صاحبہ کا ذکر کرتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ میری خالہ تھیں بچپن سے میرا ان سے تعلق تھا۔ انہیں خلافت سے بے انتہا محبت تھی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع آپ سے چھوٹے تھے لیکن آپ نے خلافت کے بعد ان کا وہ احترام کیا جو حق ہے غریبوں اور ضرورت مندوں کا خیال رکھنے والی، صدقہ دینے والی اور جماعتی کارکنان کی بہت ہمدرد تھیں۔ اپنے داماد مرزا غلام قادر کی المناک وفات پر بہت صبر کیا۔ آپ کی وفات ہارٹ اٹیک سے ہوئی۔ اللہ ان کے درجات بلند فرمائے۔

حضور انور نے محترم ماسٹر منور احمد صاحب کے بارے میں فرمایا کہ آپ گجرات سے تعلق رکھتے تھے۔ 22/اگست 2006ء کو دو نامعلوم افراد جو موٹر سائیکل پر سوار تھے۔ آپ کے گھر آئے اور دروازہ کھلنے پر آپ پر فائرنگ کر دی۔ ہسپتال میں آپ کی وفات ہوئی۔ ان کے تین بچے ہیں۔ اللہ ان کو اپنی حفاظت میں رکھے۔ مکرم ماسٹر صاحب اچھے جماعتی کارکن تھے۔ اللہ ان کے درجات بلند فرمائے۔ حضور انور نے فرمایا کہ احمدیت کی راہ میں بہایا جانے والا خون کبھی رائیگاں نہیں جاتا۔ جو اللہ کی راہ میں مرتے ہیں وہ زندہ ہیں اور ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ظالموں کو کیفر کردار تک پہنچائے۔ حضور انور نے احادیث نبویہ کی روشنی میں وفات یافتگان کے بارے میں آنحضرت ﷺ کا اسوہ حسنہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ وفات پانے والوں کی خوبیوں کا تذکرہ کرنا چاہئے اور کمزوریوں سے احتراز۔ نماز جمعہ کے بعد وفات پانے والے بزرگوں کی نماز جنازہ غائب کا بھی حضور انور نے اعلان فرمایا۔

امریکہ کے جلسہ سالانہ کا آج پہلا دن ہے۔ حضور انور نے اس جلسہ میں شمولیت کرنے والوں کو دعاؤں پر زور دینے اور جلسہ سالانہ کے مقصد کو پیش نظر رکھنے کی طرف توجہ دلائی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس جلسہ کو ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے۔

## انٹرنیٹ پر ایم ٹی اے کی نشریات

احمدیہ ٹیلی ویژن کی نشریات 10 جولائی 2006ء سے انٹرنیٹ پر باقاعدہ ٹی وی چینل کے طور پر 24 گھنٹے نشر کی جا رہی ہیں۔ آپ کے دفتر، کالج، یونیورسٹی میں یا سفر کے دوران اپنے ہوٹل میں ...... دنیا میں جہاں بھی ہوں ورلڈ وائڈ ویب پر ایم ٹی اے کی نشریات نارمل ٹی وی چینل کی طرح ہر وقت ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

لاگ آن کیجئے: www.mta.tv

مزید معلومات کیلئے فون کیجئے: +442088700922

یا ای میل بھیجئے: info@mta.tv

## سلور جوبلی سالانہ کنونشن

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز کا 26واں سالانہ کنونشن مورخہ 11 اور 12 نومبر 2006ء کو دفاتر انصاراللہ پاکستان کے ہال میں منعقد ہوگا۔ تمام انجینئرز، آرکیٹیکٹس اور سٹوڈنٹس احباب و خواتین سے اس نہایت مفید اور معلوماتی پروگرام میں شرکت کی گزارش ہے۔ اس کنونشن میں صنعتی نمائش کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ خواہش مند احباب مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں:۔

انجینئر نوید اطہر شیخ 0333-4225680

enem@lhr.paknet.com.pk

انجینئر جہانگیر شفیع: 0300-8497454

انجینئر عرفان سلام: 0333-8889984

انجینئر شیخ حارث احمد: 0333-6713202

haris@iaaae.com (چیئرمین IAAAE)

## احمدی طلبہ متوجہ ہوں

وہ تمام احمدی طلباء و طالبات جنہوں نے امسال پاکستان میں واقع کسی بھی حکومتی یا پرائیویٹ پروفیشنل ادارہ (میڈیسن، انجینئرنگ، بزنس لاء، فائن آرٹس، کامرس وغیرہ) میں داخلہ حاصل کیا ہے وہ مندرجہ ذیل معلومات نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ 35460 یا اس ویب سائٹ پر ارسال کریں۔

(ntaleem@fsd.paknet.com.pk)

نام طالب علم، ادارہ، ڈگری، مضمون، ایڈریس و فون نمبر E-mail ایڈریس اپنے ادارہ کا پراسپکٹس۔

(نظارت تعلیم)

# وہ مِرے ساتھ رہا

طور پہ جلوہ کناں ہے وہ ذرا دیکھو تو
حُسن کا باب کُھلا ہے بخدا دیکھو تو

رُعبِ حسن شہِ خوباں کو ذرا دیکھو تو
ہاتھ باندھے ہیں کھڑے شاہ و گدا دیکھو تو

اپنے بیگانوں نے جب چھوڑ دیا ساتھ مرا
وہ مرے ساتھ رہا اس کی وفا دیکھو تو

عاقلو! عقل پہ اپنی نہ ابھی نازاں ہو
پہلے تم وہ نگہِ ہوش رُبا دیکھو تو

غیر ممکن کو یہ ممکن میں بدل دیتی ہے
اے مرے فلسفیو! زور دعا دیکھو تو

ہیں تو معشوق مگر ناز اٹھاتے ہیں مرے
جمع ہیں ایک ہی جا حسن و وفا دیکھو تو

عاشقو! دیکھ چکے عشق مجازی کے کمال
اب مرے یار سے بھی دل کو لگا دیکھو تو

ہے کبھی رویتِ دلدار کبھی وصل حبیب
کیسی عشاق کی ہے صبح و مسَا دیکھو تو

چاروں اطراف میں مجنوں ہی نظر آتے ہیں
نہ ہوا ہو وہ کہیں جلوہ نما دیکھو تو

ہے کہیں جنگ کہیں زلزلہ طاعون کہیں
لے گرپ[1] کا ہے کہیں شور پڑا دیکھو تو

کس نے اپنے رخِ زیبا پہ سے الٹی ہے نقاب
جس سے عالَم میں ہے یہ حشر بپا دیکھو تو

کیا ہوا تم سے جو ناراض ہے دنیا محمودؔ
کس قدر تم پہ ہے اَلطافِ خدا دیکھو تو

**کلام محمود**

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## نکاح

مکرم چوہدری نثار احمد سراء صاحب نگران بیوت الحمد کالونی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بھتیجے مکرم عطاء الحلیم احمد صاحب ابن مکرم اشتیاق احمد صاحب نورڈ ہورن جرمنی کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ آصفہ منصورہ صاحبہ بنت مکرم مبشر احمد صاحب وسیم لطیف آباد، حیدر آباد مورخہ 31۔ اگست 2006ء کو بیت مبارک ربوہ میں بعد نماز ظہر مبلغ پانچ لاکھ روپے حق مہر پر محترم مولانا مبشر احمد کاہلوں صاحب ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے کیا۔ مکرم عطاء الحلیم احمد صاحب محترم چوہدری محمد دین سراء صاحب سابق مینیجر کریم نگر سٹیٹ سندھ کے پوتے اور محترم چوہدری غلام محمد صاحب سابق کارکن عملہ حفاظت کے نواسے ہیں اور مکرمہ آصفہ منصورہ صاحبہ مکرم شریف احمد صاحب بشیر آباد ضلع حیدر آباد کی پوتی، مکرم چوہدری نذیر احمد سراء صاحب مرحوم کی نواسی اور مکرم منصور احمد صاحب امیر ضلع حیدر آباد کی بھتیجی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب بنائے۔ آمین

## کیوبا کی طرف سے سکالرشپ کا اعلان

کیوبا کی حکومت نے ان پاکستانی طلبہ کیلئے ایک ہزار سکالرشپس کا اعلان کیا ہے جنہوں نے ایف ایس سی /اے لیول (پری میڈیکل) مکمل کیا ہے اور ان کی تاریخ پیدائش 25۔ اگست 1981ء سے 24۔ اگست 1989ء کے درمیان ہے۔ ان طلبہ کو کیوبا میں میڈیسن کی تعلیم دی جائے گی اس کیلئے Apply کرنے کی آخری تاریخ 5 ستمبر 2006ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے ویب سائٹ سے حاصل کریں۔

(www.hec.gov.pk/cuba)

(نظارت تعلیم)

## درخواست دعا

مکرم محمد آصف جاوید چیمہ صاحب مربی سلسلہ لاہور اطلاع دیتے ہیں کہ ان کے بڑے بھائی مکرم چوہدری خالد پرویز چیمہ صاحب ابن مکرم چوہدری منظور احمد صاحب چیمہ آف تلونڈی موسیٰ خان حال مقیم امریکہ خرابی جگر کی وجہ سے لمبے عرصہ سے بیمار ہیں۔ پچھلے ہفتے حالت زیادہ خراب ہوگئی تھی۔ اب اللہ نے فضل فرمایا ہے طبیعت بہتری کی طرف مائل ہے۔ احباب سے دعاؤں کی درخواست ہے کہ شافی مطلق محض اپنی فضل سے شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

## درخواست دعا

مکرم ڈاکٹر محمد زاہد صاحب ملتان تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی عزیزہ حنا زاہد نے بی بی اے (آنرز) بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان سے 3.64-GPA لے کر کامیابی حاصل کی ہے۔ اب اللہ کے فضل سے MBA کر رہی ہے۔ بچی مکرم ریٹائرڈ میجر اسلم منہاس مرحوم آف راولپنڈی کی نواسی اور مکرم میاں حیات محمد صاحب بھیرہ کی پوتی ہے۔ احباب جماعت سے بچی کی مزید کامیابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## نکاح

مکرم شیخ حمید احمد صاحب سابق صدر جماعت احمدیہ سبی بلوچستان حال سیکرٹری وصایا کیلگری کینیڈا تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم مسعود احمد سلیم صاحب مربی سلسلہ کے نکاح کا اعلان مکرمہ بشریٰ صاحبہ بنت مکرم محمد سجاد اکبر صاحب سیکرٹری اشاعت ضلع فیصل آباد کے ساتھ مبلغ تیس ہزار روپے حق مہر پر مکرم ظفر احمد ناصر صاحب نے مورخہ 2 جون 2006ء کو دارالذکر فیصل آباد میں بعد نماز مغرب پڑھایا۔ مکرم مسعود احمد صاحب مکرم انعام الحق کوثر صاحب مربی سلسلہ نیویارک امریکہ کے بھتیجے اور مکرم صلاح الدین صاحب ایم اے سابق ناظر اعلیٰ قادیان ومولف رفقاء احمد کے رشتے میں نواسے ہیں۔ مکرمہ بشریٰ صاحبہ مکرم رانا عبدالکریم صاحب سابق صدر وحدت کالونی لاہور حال انگلینڈ کی نواسی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے بابرکت ثابت ہو۔ آمین

## ولادت

مکرم محمد لطیف انور صاحب سیکرٹری اصلاح وارشاد مغل پورہ لاہور تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم محمد علیم انور صاحب کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 8۔ اگست 2006ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچے کا نام توحید احمد عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ نومولود مکرم چوہدری محمد شریف صاحب مرحوم ڈینٹل ہسپتال لاہور اور محترمہ امۃ القیوم صاحبہ مرحومہ آف مغل پورہ لاہور کی نسل سے ہے نیز یہ بچہ مکرم میاں فضل دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود اور محترمہ حسن بی بی صاحبہ خادمہ حضرت اماں جان کی نسل سے ہے۔ احباب کرام دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک اور خادم دین بنائے اور لمبی زندگی عطا فرمائے نیز دین و دنیا میں نیک نامی اور کامیابیوں سے ہمکنار ہو، اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنا رہے۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

# خطبہ جمعہ

## اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں سے معمور جلسہ سالانہ U.K کے نہایت کامیاب و بابرکت انعقاد پر احباب جماعت کو شکر گزاری کے مضمون کو اپنانے کی تاکیدی نصیحت

**اللہ تعالیٰ کے جماعت احمدیہ پر اتنے غیر معمولی انعامات اور افضال نازل ہو رہے ہیں کہ جن کا شمار ممکن نہیں**

**ان نعمتوں کو حاصل کرنے کے لئے شکر گزاری میں بڑھتے ہوئے ہر احمدی کو دعاؤں کی طرف بہت توجہ دینی چاہئے**

اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایم ٹی اے کے والنٹیئرز اس قابل ہو گئے کہ پیشہ وارانہ مہارت کے ساتھ نظارے دنیا تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں

خطبہ جمعہ سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مؤرخہ 4/اگست 2006ء (4/ظہور 1385 ہجری شمسی) بمقام بیت الفتوح، لندن۔ برطانیہ

(خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ کے آغاز میں سورۃ البقرہ کی آیات 152، 153 تلاوت کی اور فرمایا جلسے کے بعد جو پہلا جمعہ آتا ہے اس کے خطبے میں، جلسہ سالانہ جو بخیر وخوبی اختتام تک پہنچتا ہے اور اس میں جو اللہ تعالیٰ کی برکات شامل ہوتی ہیں، اس میں جو اللہ تعالیٰ اپنے فضلوں سے نوازتا ہے، اس کا ذکر کیا جاتا ہے۔ شکر کے مضمون پر کچھ بیان کیا جاتا ہے۔ سو اس لحاظ سے آج کا خطبہ بھی اسی شکر کے مضمون پر ہے۔

اللہ تعالیٰ کے جماعت احمدیہ پر اتنے غیر معمولی انعامات اور افضال نازل ہو رہے ہیں کہ جن کا شمار ممکن نہیں، ہر لمحہ، ہر قدم پر ہمیں حضرت مسیح موعود سے کئے گئے وعدے کے مطابق اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت کے نظارے نظر آتے ہیں۔ جلسے کے دوسرے دن کی تقریر میں میں نے کچھ کا ذکر کیا تھا کیونکہ سب کا ذکر کرنا ممکن نہیں تھا، بہرحال وہ ذکر اور واقعات آہستہ آہستہ چھپتے رہیں گے۔ اس وقت میں صرف ان باتوں کے لئے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں جن کا تعلق اللہ تعالیٰ کے شکر کے ساتھ ساتھ بندوں کا شکریہ ادا کرنے سے بھی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کا یہ ارشاد ہمیشہ ہر ایک کو پیش نظر رکھنا چاہئے، ہر اس شخص کو جسے آپ ﷺ کے حکموں پر عمل کرنے کی سچی تڑپ ہے، جو یہ چاہتا ہے کہ میری دنیا و عاقبت سنور جائے، جو اس یقین پر قائم ہے کہ آپ ﷺ کی باتیں دراصل خدا کے منہ کی باتیں ہیں۔ آپؐ فرماتے ہیں، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ (۔) یعنی جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکریہ ادا نہیں کرتا۔

(سنن ترمذی کتاب البر والصلہ باب فی الشکر لمن احسن الیک)

پس اس لحاظ سے سب سے پہلے تو میں اس علاقے کے لوگوں اور لوکل کونسل کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے ان حالات کے باوجود اور ان خبروں کے باوجود جو اُن کو ہمارے بارے میں غلط رنگ میں پہنچائی گئی تھیں اور جس کی وجہ سے وہاں کے رہنے والے لوگ بڑے پریشان تھے کہ احمدی آ رہے ہیں تو پتہ نہیں کس قسم کا گند یہاں ہو جائے گا۔ اور (۔) کے خلاف جو غلط پروپیگنڈا کرنے کی وجہ سے عام طور پر عوام کے ذہنوں میں ان مغربی ممالک میں یہ تصور قائم ہے کہ (۔) کا مطلب ہی دہشت گردی ہے یہ لوگ بہت زیادہ خوفزدہ تھے لیکن بہرحال اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کی حالت بدلی اور کچھ رابطوں اور تعلقات اور میٹنگز، اور جیسا کہ میں نے جلسہ سے پہلے بھی بتایا، تھا چیریٹی واک وغیرہ کی وجہ سے ان کے شبہات دور ہوئے اور پھر انہوں نے بلاوجہ سختی اور ضد نہیں دکھائی اور اس علاقے کی تقریباً تمام آبادی اگر ہمارے حق میں نہیں ہوئی تو کم از کم مخالفت چھوڑ دی اور یہ دیکھنے پر آمادہ ہو گئے کہ دیکھیں یہ لوگ کس طرح اپنا آپ ظاہر کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے جو بھی جلسہ کے ماحول میں آئے یا اس سڑک سے بھی گزرے جو ہمارے جلسہ گاہ کے سامنے سے گزرتی ہے تو اس بات کا برملا اظہار کیا کہ ہم جس بات سے ڈرتے تھے اور کونسل کی جلسہ منعقد کرنے کی اجازت کے بعد بھی ہمیں بعض لوگوں نے آپ لوگوں کے بارے میں جن باتوں سے ڈرایا ہوا تھا آپ لوگ تو اس سے بالکل مختلف نکلے۔ پس یہ لوگ حقیقت پسند بھی ہیں اچھی بات کی تعریف بھی کر دیتے ہیں۔ انہوں نے کھل کر تعریف بھی کی اس لئے ہم بھی شکر گزاری کے جذبات کی وجہ سے ان لوگوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس جگہ میں جلسہ منعقد کرنے میں نہ صرف روک بننے سے پرہیز کیا بلکہ جب حقیقت کھل گئی تو تعریف بھی کی۔ اس لئے ایک تو ہماری انتظامیہ کو چاہئے کہ کونسل کو اور لوگوں کے نمائندوں کو بھی اس تعاون پر تحریراً شکریہ ادا کریں، خط لکھیں ویسے تو مجھے امید ہے کہ لکھ دیا ہوگا اگر نہیں تو اب لکھ دیں گے۔

پھر جیسا کہ میں نے جلسے پر بھی ذکر کیا تھا یہ زمین ہم نے جس مالک سے لی ہے اس کے سابقہ مالک نے بھی ہمارے ساتھ خوب تعاون کیا اور نہ صرف انہوں نے بلکہ ان کے پورے خاندان نے، مثلاً جو بجری والی سڑک کے کچھ تھوڑے سے حصہ پر بجری ڈال کر سڑک پکی کی گئی تھی اس کو بنانے اور اس پر رولر وغیرہ پھیرنے کے لئے (کافی ہیوی رولر مشینری تھی تا کہ اچھی طرح بجری دبا کر مضبوط سڑک ہو جائے)۔ اس میں ان کی 19 سالہ ایک بیٹی نے بڑا کام کیا اور کئی گھنٹے وہ یہ بھاری مشینری چلاتی رہی۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزا دے۔ بلکہ میں تو اس کو کہہ رہا تھا کہ یہ کام ایسا ہے جو بڑا مشکل اور سخت کام تھا کہ شاید بعض مرد بھی نہ کر سکیں۔ غرض کہ یہ سارا خاندان بیوی بچے اور سابق مالک کِیتھ، ان کے بوڑھے والد جن کی شاید 70 سال سے زائد عمر ہے اس طرح ایک جذبے سے اور ہم میں گھل مل کر کام کر رہے تھے جیسے کوئی پرانے احمدی بڑے اخلاص سے بھرے ہوئے کام کرتے ہیں۔ تو جہاں تک دوستی نبھانے کا تعلق ہے اور اخلاق کا تعلق ہے، اچھے اخلاق دکھانے کا تعلق ہے اس میں واقعی ان کا عمل متاثر کن تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کی دین کی آنکھ بھی روشن کرے اور سچائی کو پہچان کر وہ اپنے اخلاص میں بھی بڑھ جائیں۔ دینی اخلاص میں بھی بڑھ جائیں۔ تو یہ دعا بھی ان لوگوں کے لئے ضروری ہے کہ یہ بھی شکر گزاری کے جذبات کا ایک عمدہ اور اعلیٰ اظہار ہے۔

پھر مسٹر کِیتھ نے علاقے کے لوگوں اور کونسل کو ہمارا جلسہ منعقد کرنے کی اجازت اور اس کے

لئے راہ ہموار کرنے میں بڑا کردار ادا کیا ہے۔ ایک ایک ہمسائے کے پاس گئے، ان کو بتایا کہ جو مختصر عرصے میں میں نے ان لوگوں کو سمجھا ہے یہ وہ نہیں ہیں جو تم سمجھ رہے ہو۔ یہ لوگ تو کچھ اور ہی چیز ہیں۔ تو ان لوگوں اور اس فیملی کے ہم بہرحال شکرگزار ہیں ورنہ ان کو کیا پڑی تھی، زمین بیچ کر ایک طرف بیٹھ جاتے کہ تم جانو اور تمہارا کام جانے ہم نے تمہاری وکالت کرنے اور راہ ہموار کرنے کی کوئی ذمہ داری تو نہیں لی ہوئی، زمین بیچنی تھی بیچ دی۔ تو یہ ان کا بہت بڑا اخلق ہے، اللہ تعالیٰ ان سب کو جزا دے۔

**اور اللہ کے فضل سے ایسا پُرامن ماحول رہا کہ پولیس جو ٹریفک کے لئے آئی ہوئی تھی وہ بھی دیکھ کر حیران تھی کہ کس طرح ٹریفک کنٹرول ہو رہا ہے۔ بلکہ انہوں نے اس بات کا اظہار کیا کہ تمہارے خدام تو اس طرح ٹریفک کنٹرول کر رہے ہیں جس طرح انہوں نے پولیس کی ٹریننگ لی ہوتی ہے۔ چند گھنٹے کے بعد وہ ایک طرف ہو کر بیٹھ گئے تھے۔ بہرحال ہر جگہ سے ان کو اچھا تاثر ملا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ کامیاب ہوا۔**

پھر ہمارے والنٹیئرز شکریہ کے مستحق ہیں، یہ بھی اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ دنیائے احمدیت میں جہاں بھی چلے جائیں یہ کام کرنے والے کارکن میسر آ جاتے ہیں جو لگاتار کئی کئی گھنٹے ڈیوٹی دیتے ہیں اور یہی حال یہاں اس جلسہ میں بھی ہم نے دیکھا۔ اگر تھکتے بھی ہیں تو اظہار نہیں کرتے۔ اکثر کی ڈیوٹیاں ان کے پیشوں اور بعض کی ان کے مزاج سے بھی مختلف ہوتی ہیں۔ لیکن مجال ہے جو ماتھے پر بل آئے۔ بڑی خوش اسلوبی سے اپنی ڈیوٹی ادا کرتے ہیں۔ ان میں بچے بھی ہیں، جوان بھی ہیں، بوڑھے بھی ہیں، عورتیں بھی ہیں، بچیاں بھی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے عمومی طور پر مجھے ان کارکنان کے اچھے کام کی تعریف ہی لوگوں نے لکھی ہے، جو شامل بھی ہوئے تھے اور جو کام کرنے والے بھی تھے۔ بعض سرپھروں کی وجہ سے اِکّا دُکّا واقعات ہو جاتے ہیں، جہاں اپنے مزاج کی وجہ سے بعض کارکن ماحول کو خراب کر دیتے ہیں اور باوجود سمجھانے کے اپنے اختیارات سے تجاوز کر جاتے ہیں، تو انتظامیہ کو چاہئے کہ ایسے کارکن یا کارکنات جو ہیں ان کی ڈیوٹی ایسی جگہوں پر نہ لگائیں جو پبلک ڈیلنگ (Public dealing) کی جگہ ہو۔ لیکن بہرحال جیسا کہ میں نے کہا عمومی طور پر ڈیوٹیوں کے معیار لڑکیوں کے، لڑکوں کے، عورتوں مردوں کے اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت اچھے رہے اور یقیناً وہ سب شکریہ کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزا دے، ان کے اخلاص و وفا کو بڑھائے، ان میں یہ روح مزید بڑھتا چلا جائے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر اپنی یہ ڈیوٹیاں ہمیشہ سرانجام دینی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے دیگر احکامات پر بھی عمل کرتے ہوئے ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رضا کی تلاش میں رہنا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

جو خطوط اور فیکسیں مجھے آئی ہیں، تمام دنیا نے ان سب کام کرنے والوں کو بڑی دعائیں دی ہیں۔ اس نئی جگہ پر جو پہلے جلسے کا انعقاد ہوا ہے، بہت سی سہولیات میسر نہیں تھیں۔ فوری طور پر تھوڑے وقت میں کام شروع کیا گیا اور شروع میں کام کرنے والی ٹیموں نے بڑی محنت سے اس جگہ کو اس قابل بنایا جس میں پانی کی سپلائی اور سیوریج وغیرہ کے پائپ ڈالنے کا کام تھا اور ایک کافی بڑی جگہ پر وسیع رقبے پر اب تقریباً مستقل یہ سہولت مہیا ہو گئی ہے جو آئندہ بھی انشاء اللہ کام آتی رہے گی۔ ان سب کام کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ جزا دے جنہوں نے یہ کام کیا۔ یہ سب کارکنان جیسا کہ میں نے کہا سب دنیا کے احمدیوں کی دعائیں لے رہے ہیں۔

پھر تمام دنیا کے احمدیوں کو جلسہ میں براہ راست شامل کرنے میں جو کردار ایم ٹی اے کے کارکنان ادا کرتے ہیں وہ سب پر ظاہر ہے۔ اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارے اپنے والنٹیئرز بھی اس قابل ہو گئے ہیں کہ پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ تمام نظارے دنیا تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں اور سوائے اس کے جو براہ راست شامل ہونے کی برکت ہے اور ایسے جذبات ابھرتے ہیں جو ٹیلیویژن پر دیکھ کر شاید نہ ابھرتے ہوں، اس کے علاوہ جہاں تک انسانی کوششوں کے اندر رہتے ہوئے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ جلسے کے ماحول کو دکھانے اور اس میں جذب کرنے کا سوال ہے، میرے خیال میں شاید 19، 20 کی کوئی کمی رہتی ہو تو رہتی ہو ورنہ دنیا کا ہر احمدی گھر جلسہ گاہ کی تصویر بنا ہوتا ہے۔ بعض لوگ تو اپنے خاندان کو اکٹھا کر لیتے ہیں اور جلسے کا سماں ان کے گھروں میں بندھا ہوتا ہے۔ اور بعض لوگ ان دنوں میں یہ بھی کوشش کرتے ہیں کہ کھانا بھی وہی پکائیں جو ہمارے جلسہ کے دنوں میں لنگر خانہ میں پک رہا ہوتا ہے۔ بہرحال ان ایم ٹی اے کے کارکنوں کے تمام دنیا کے احمدی شکرگزار ہیں۔ سامنے سکرین پر آنے والے کارکنوں کے علاوہ بے شمار کارکنات، بچیاں، عورتیں اور دوسرے رضاکار ہیں جو بڑے اخلاص و وفا سے یہ کام کر رہے ہوتے ہیں۔ آپ سب دیکھنے والے ان کے لئے دعا تو کر رہے ہیں اور کرتے ہوں گے، ان کے لئے ہمیشہ دعا کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے اخلاص و وفا اور طاقتوں اور صلاحیتوں کو ہمیشہ بڑھاتا چلا جائے اور ان سب لوگوں کے لئے شکریہ کے جذبات کے ساتھ ہمیں بھی یہ توفیق دے کہ ہم بھی حقیقی شکرگزار اس ذات کے بنیں جو اپنے مسیح و مہدی سے کئے گئے وعدوں کے مطابق خود وہ حالات پیدا کر رہا ہے جن میں اگر ہم غور کریں تو پتہ چلے گا کہ کسی انسانی کوشش کا عمل دخل نہیں۔ ایسے حالات جس سے اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت ہر لحظہ نظر آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتایا ہے بلکہ اعلان فرمایا ہے کہ اے میرے بندو! اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بارش تم پر ہمیشہ پڑتی رہے بلکہ پہلے سے بڑھ کر پڑے تو ہمیشہ اس کے لئے یہ نسخہ یاد رکھو کہ میرے شکرگزار بنو۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے (۔) (سورۃ ابراھیم: 8) یعنی اور جب تمہارے رب نے یہ اعلان کیا کہ اگر شکر ادا کرو گے تو میں تمہیں ضرور بڑھاؤں گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیں توفیق دیتا چلا جائے کہ ہم اس کے شکرگزار بنیں اور اس کی نعمتوں سے حصہ پاتے چلے جائیں اور شکر صرف منہ زبانی کا شکر نہیں ہو بلکہ اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل کر کے جو ہمارے شکر کی عملی تصویر ہے وہ سامنے آئے۔

**اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بے شمار جگہ ہمیں اس مضمون کی طرف توجہ دلائی ہے کہ شکرگزار بنو، کہیں فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری غلطیوں کو معاف کرتا ہے اس بات کو تمہیں شکرگزاری میں بڑھانا چاہئے، کہیں اپنے فضلوں کی طرف توجہ دلا کر شکرگزار بننے کی طرف توجہ دلائی، کہیں تنگیوں کو دور کرنے کی وجہ سے شکرگزاری کی طرف توجہ دلاتا ہے، کہیں فرماتا ہے کہ میں نے تم پر جو تعلیم اتاری ہے اس کی وجہ سے بھی تم شکرگزاری میں بڑھو، کہیں فرماتا ہے کہ میں نے تمہیں طوفانوں اور تکلیفوں سے آزاد کیا ہے اس پر شکرگزار بندے بنو، میرے انعاموں کی اگر صحیح قدر ہے تو شکرگزار بنو۔ غرض کہ مختلف حالات کے حوالے سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر میرے صحیح عبد بننا چاہتے ہو تو شکرگزار بنو تا کہ مزید فضل بڑھاؤں۔** اور اللہ تعالیٰ کی شکرگزاری کیا ہے؟ کہ اس کے عبادت گزار بندے بنیں، اس کے حکموں پر عمل کریں۔ جیسا کہ فرماتا ہے (۔) (سورۃ الزمر: 67) یعنی بلکہ اللہ ہی کی عبادت کر اور شکرگزاروں میں سے ہو جا۔ پس شکرگزاری کی جو معراج ہے، یہی ہے کہ اللہ کی عبادت کی جائے اور اس عبادت کے طریقے ہمیں اس نبی ﷺ نے سکھائے ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے اپنی یہ تعلیم اتاری ہے۔ آپؐ کا عمل کیا تھا؟ یہ کہ ساری ساری رات اس مچھلی کی طرح تڑپتے رہتے تھے جو پانی سے باہر ہو۔ اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کر رہے ہیں، اس کی بخشش طلب کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ کی حمد اور تعریف کر رہے ہیں، جب پوچھا جاتا ہے کہ اے اللہ کے رسول ﷺ آپ کے تو اگلے پچھلے گناہ سب معاف ہو چکے ہیں۔ پھر آپؐ کیوں اتنا تڑپتے ہیں، تو جواب ملتا ہے کہ میں اس انعام پر اللہ تعالیٰ کا شکرگزار بندہ نہ بنوں؟

حضرت مسیح موعود اس بارے میں فرماتے ہیں کہ:۔

''احمق حقیقت سے ناآشنا استغفار کے لفظ پر اعتراض کرتے ہیں ان کو معلوم نہیں کہ جس قدر یہ لفظ پیارا ہے اور آنحضرت ﷺ کی اندرونی پاکیزگی پر دلیل ہے، وہ ہمارے وہم و گمان سے بھی پرے ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ عاشق رضا ہیں اور اس میں بڑی بلند پروازی کے ساتھ

ترقیات کر رہے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ کے احسانات کا تصور کرتے ہیں اور اظہار شکر سے قاصر پا کر تدارک کرتے ہیں۔ یہ کیفیت ہم کس طرح ان عقل کے اندھوں اور مجذوم القلب لوگوں کو سمجھائیں، ان پر وارد ہو تو وہ سمجھیں۔ جب ایسی حالت ہوتی ہے احسانات الٰہیہ کی کثرت آ کر اپنا غلبہ کرتی ہے تو روح محبت سے پُر ہو جاتی ہے اور وہ اچھل اچھل کر استغفار کے ذریعہ اپنے قصور شکر کا تدارک کرتی ہے۔ یہ لوگ خشک منطق کی طرح اتنا ہی نہیں چاہتے کہ وہ قویٰ جن سے کوئی کمزوری یا غفلت صادر ہو سکتی ہے وہ ظاہر نہ ہوں۔ نہیں وہ ان قویٰ پر تو فتح حاصل کئے ہوئے ہوتے ہیں۔ وہ تو اللہ تعالیٰ کے احسانات کا تصور کر کے استغفار کرتے ہیں کہ شکر نہیں کر سکتے۔ یہ ایک لطیف اور اعلیٰ مقام ہے جس کی حقیقت سے دوسرے لوگ ناآشنا ہیں، اس کی مثال ایسی ہی ہے جیسے حیوانات، گدھے وغیرہ انسانیت کی حقیقت سے بے خبر اور ناواقف ہیں''۔ یعنی وہ لوگ جن کو اس مقام کا نہیں پتہ۔ ''اسی طرح پر انبیاء و رسل کے تعلقات اور ان کے مقام کی حقیقت سے دوسرے لوگ کیا اطلاع رکھ سکتے ہیں۔ یہ بڑے ہی لطیف ہوتے ہیں اور جس جس قدر محبت ذاتی بڑھتی جاتی ہے اسی قدر یہ اور بھی لطیف ہوتے جاتے ہیں''۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 632،633، جدید ایڈیشن)

ایک روایت میں آتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے کہ (۔) یعنی اے میرے اللہ تو مجھے اپنے شکر یہ بجا لانے والا اور بکثرت ذکر کرنے والا بنا۔ (سنن ابی داؤد کتاب الصلوۃ باب ما یقول الرجل اذا سلم)

پھر آپؐ کے بارے میں ایک اور روایت میں یوں ذکر آتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کو جب کوئی خوشی پہنچتی تو آپؐ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے سجدے میں گر جاتے۔

(سنن ابی داؤد کتاب الجہاد باب فی سجود الشکر)

پھر ہمیں نصیحت کرتے ہوئے آپ ﷺ فرماتے ہیں، یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کیا تم چاہتے ہو کہ دعا میں بہت ہی کوشش سے کام لو تو تم یہ کہو کہ اے اللہ اپنے شکر اور اپنے ذکر اور اپنے اچھے طریق سے عبادت کرنے میں ہماری مدد فرما۔

(مسند احمد بن حنبل جلد نمبر 3 حدیث نمبر 7969)

ایک دوسری روایت میں حضرت معاذ بن جبلؓ سے یہ روایت ہے کہ ان سے بہت محبت کا اظہار کرتے ہوئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ ہر نماز کے آخر میں ان کلمات کو ادا کرنا کبھی ترک نہ کرنا یعنی اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَ شُکْرِكَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِكَ

ایک روایت میں مومن کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے معاملہ کے بارے میں آپؐ فرماتے ہیں، یہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مومن کا معاملہ بھی عجیب ہے، اس کے تمام معاملے خیر پر مشتمل ہیں اور یہ مقام صرف مومن کو حاصل ہے کہ اگر اسے کوئی خوشی پہنچتی ہے تو یہ اس پر شکر بجا لاتا ہے، الحمدللہ پڑھتا ہے، اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہوتا ہے۔ تو یہ امر اس کے لئے خیر کا موجب بن جاتا ہے اور اگر اس کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو یہ صبر کرتا ہے تو یہ امر بھی اس کے لئے خیر کا موجب بن جاتا ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الزھد باب المومن امرہ کلہ خیر)

پس جلسے میں شامل ہونے والے اور کام کرنے والے دونوں اس بات کو یاد رکھیں کہ جہاں وہ یہ دعا کرکے اور صبر کرکے اللہ تعالیٰ سے خیر حاصل کر رہے ہوں گے، کوئی خوشی پہنچے تو الحمدللہ پڑھتے ہیں، تکلیف پہنچے تو صبر کرتے ہیں، آپس میں چھوٹے موٹے واقعات ہوتے رہتے ہیں لیکن ہر صورت میں اللہ تعالیٰ کی رضا کو مدنظر رکھنا چاہئے اور اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا ہے آپس کے تعلقات میں بھی مضبوط بندھن قائم کر رہے ہوتے ہیں۔ تو اس جلسے میں بھی اگر کوئی جیسا کہ میں نے کہا کہ واقعات ہو گئے ہیں تو اسی طرح عمل کرنا چاہئے، یہی ردعمل ظاہر ہونا چاہئے تاکہ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو توفیق دے اور ہر ایک آنحضرت ﷺ کی ان پُر حکمت باتوں کو اپنی زندگیوں کا حصہ بناتے ہوئے ہمیشہ ان پر عمل کرنے والا ہو تاکہ یہ باتیں ہمیں اللہ تعالیٰ کا قرب دلانے والی ہوں اور اس کا شکر گزار بندہ بنانے والی ہوں۔

جو آیات میں نے تلاوت کی تھیں ان کا ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) کہ پس میرا ذکر کیا کرو میں بھی تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔ پس جب اللہ تعالیٰ اس قدر فضل کرنے والا ہے تو جہاں ہم اس بات کا ہمیشہ شکر کریں کہ اس نے ہمیں توفیق دی کہ ہم آنحضرت ﷺ کی امت میں شامل ہیں اور اس میں شامل ہو کر ان برکات میں شامل ہو رہے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ پر اتاری ہیں، اس تعلیم سے حصہ لے رہے ہیں اور لینے کی کوشش کر رہے ہیں جو آپ پر نازل ہوئیں، وہ پر حکمت اور پر معارف باتیں سیکھ رہے ہیں جس سے عرفان الٰہی حاصل ہو، وہاں ہم اس بات پر بھی شکر گزار ہیں کہ ہمیں اس زمانے میں اس بات کی بھی توفیق دی کہ ہمیں آنحضرت ﷺ کے عاشق صادق کی جماعت میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائی جس نے درحقیقت ان پر حکمت باتوں کو ہم پر واضح کیا اور اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنے کے طریقے سکھائے۔ ........ حضرت مسیح موعود نے ان حکمت اور عرفان کی باتوں کو سیکھنے کے لئے ہی جلسے کا آغاز فرمایا تھا۔ پس ان جلسوں کو بھی ہم میں شکر گزاری کے جذبات پیدا کرنے کا باعث بننا چاہئے کیونکہ اس ماحول نے ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بننے کا صحیح فہم اور ادراک عطا کیا۔

ہمیں ان مقررین کا بھی شکر گزار ہونا چاہئے جنہوں نے اس طرف ہماری راہنمائی کی۔ ان کے لئے بھی یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ان کے علم و عرفان کو مزید بڑھائے اور سب سے بڑھ کر آنحضرت ﷺ پر درود بھیجتے ہوئے اس بات کا عہد کرنا چاہئے کہ ہم اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ بنتے ہوئے ان تمام احکامات پر عمل کرنے والے ہوں گے جو اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے ذریعے ہمیں دیئے۔ اور جب ہم یہ معیار حاصل کرلیں گے تو وہ سچے وعدوں والا خدا فرماتا ہے کہ میں تمہیں ہمیشہ یاد رکھوں گا اور تمہیں انعامات سے نوازتا رہوں گا اور جن نعمتوں کو ہم آج بہت سمجھ رہے ہیں، اس سے بھی زیادہ نعمتیں عطا کروں گا۔

پس ان نعمتوں کو حاصل کرنے کے لئے شکر گزاری میں بڑھتے ہوئے ہر احمدی کو دعاؤں کی طرف بہت توجہ دینی چاہئے کیونکہ اس کے فضل کے بغیر شکر گزاری کے جذبات پیدا نہیں ہوتے اور اللہ تعالیٰ کا فضل اس کے حضور جھکے رہنے سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ سے اس کے حضور جھکتے ہوئے یہ دعائیں مانگنے کی طرف ہر احمدی کو توجہ کرنی چاہئے کہ اے اللہ مجھے تقویٰ اور پرہیزگاری میں بڑھا تاکہ میں تیرا حقیقی عبادت گزار بن جاؤں اور ہمیشہ تیرے فضلوں اور انعاموں کا وارث ٹھہروں۔ اے اللہ! مجھے ہمیشہ قناعت سے رہنے اور ہر حال میں اپنی نعمتوں اور فضلوں کے ذکر سے اپنی زبان کو تر رکھنے کی توفیق عطا فرما تاکہ میں تیرا سب سے زیادہ شکر گزار بندہ بن جاؤں۔ اے اللہ! میرے دل میں دوسروں کے لئے وہی جذبات پیدا کر جن کی میں اپنے لئے دوسروں سے توقع رکھتا ہوں تاکہ حقیقت میں ان لوگوں میں شمار کیا جاؤں جو تیرے مومن بندے ہیں۔ اے اللہ مجھے ہمیشہ اپنے ہمسایوں اور پڑوسیوں سے حسن سلوک کی توفیق عطا فرما تاکہ اس عمل سے تیری رضا کو حاصل کرتے ہوئے حقیقی ........ بن سکوں۔ اے اللہ! میرے دل و دماغ میں حکمت اور دانائی کی باتیں پیدا کر، مجھے اپنا عرفان عطا فرما، میرے دل کو مردہ ہونے سے بچا اور پھر مجھے اس بات کی بھی توفیق عطا فرما کہ یہ باتیں مجھے تیرا شکر گزار بندہ بننے میں اور زیادہ بڑھانے والی ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

عبدالسمیع خان

# ایم ٹی اے۔ تقدیر الٰہی کا زندہ و تابندہ نشان

## اس نے ہر احمدی کو خلافت احمدیہ کے ساتھ باندھ دیا ہے

1492ء کا سال دنیا کی تاریخ میں ایک عجیب سال ہے۔ اس سال کولمبس نے امریکہ دریافت کیا اور موجودہ سائنسی ترقیات کی بنیاد ڈالنے والی نئی دنیا عالم وجود میں آئی۔

دوسری طرف اسی سال سپین میں اہل ایمان کی صف لپیٹ دی گئی۔ عیسائیت کا سورج مغربی دنیا میں نصف النہار تک پہنچ گیا مگر دین حق کا سورج کم از کم مغرب میں صدیوں کے لئے اندھیروں میں ڈوب گیا۔ لیکن علام الغیوب خدا نے یہ خبر دی تھی کہ تطلع الشمس من مغربھا یعنی آخری زمانہ میں مغرب سے آفتاب صداقت طلوع کرے گا۔

اور جب وہ وقت قریب آیا تو حضرت مرزا غلام احمد کی زبان سے یہ بشارت دی گئی۔

یورپ اور امریکہ کے سعید لوگ (دین حق) قبول کرنے کے لئے طیار ہو رہے ہیں...... سچائی کی برکت ان سب کو اس طرف کھینچ لائے گی۔ خدا تعالیٰ نے آسمان پر یہی چاہا ہے اور کوئی نہیں کہ اس کو بدل سکے۔

(مجموعہ اشتہارات جلد1 ص281) (اشتہار 7دسمبر 1892ء)

پھر فرمایا:

"اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں طیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں"۔

(مجموعہ اشتہارات جلد نمبر1 ص282)

پھر فرمایا:

"نئی زمین ہوگی اور نیا آسمان ہوگا۔ اب وہ دن نزدیک آتے ہیں کہ جو سچائی کا آفتاب مغرب کی طرف سے چڑھے گا اور یورپ کو سچے خدا کا پتہ لگے گا"۔

(مجموعہ اشتہارات جلد2 ص304)

چنانچہ سقوط غرناطہ کے ٹھیک 500 سال بعد مغرب سے احمدیہ ٹیلی ویژن نے نشریات کا آغاز کیا اور یورپ کو سچے خدا کا پتہ دینے کے ایک بابرکت دور کا آغاز ہوا۔ ان نشریات کا اولاً مغرب سے آغاز اور پھر دو طرفہ رابطوں کی خبر حضرت امام جعفر صادق کی پیشگوئی میں ملتی ہے۔ جس میں بتایا گیا تھا کہ

امام قائم کے زمانہ میں مشرق میں رہنے والا مومن مغرب میں رہنے والے بھائی کو دیکھ لے گا اور مغرب میں رہنے والا مشرق میں رہنے والے مومن بھائی کو دیکھ لے گا۔ (بحار الانوار جلد52 ص391)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ قادیان، یورپ، افریقہ، کینیڈا اور مشرق بعید کا دورہ فرما چکے ہیں۔ حضور مشرق میں ہوں یا مغرب میں ہر جگہ سے حضور کے خطبات Live نشر ہو رہے ہیں۔ مشرق کے احمدی مغرب کے بھائیوں کو اور مغرب کے احمدی مشرقی بھائیوں کو دیکھ کر سجدات شکر بجا لا رہے ہیں۔

پس ایم ٹی اے صدیوں کے انتظار کے بعد احمدیت کو ملنے والا وہ آسمانی نشان ہے جس نے احمدیت کے مشرق و مغرب کو اکٹھا کر دیا ہے۔ جس نے احمدیت کو مکانی اور زمانی سرحدوں سے آزاد کر دیا ہے جس نے احمدیت پر لگائی جانے والی پابندیوں کو ریزہ ریزہ کر دیا ہے۔ جس نے کروڑوں لوگوں کو سچائی کا راستہ دکھایا ہے اور وہ مسیحائے زماں کے دامن سے وابستہ ہو گئے ہیں۔

یہ ایم ٹی اے ہے جو ہر جمعہ کے دن کروڑوں احمدیوں کو ٹیلی ویژن کے آگے بٹھا دیتا ہے۔ کہیں صبح کا جھٹپٹا ہوتا ہے کہیں تپتی دوپہر کہیں ملگجی شام اور کہیں رات کا اندھیرا مگر سب کا سورج خطبہ کے وقت ایم ٹی اے پر طلوع ہوتا ہے اور ندا کی آواز کے ساتھ کل عالم توحید اور محمد مصطفیٰ ﷺ کی رسالت کی گواہی تازہ کرتا ہے۔

ایم ٹی اے سے احمدیت کی عالمگیریت کا نشان ہے۔ اس نے ہماری ہر اہم تقریب کو عالمی بنا دیا ہے۔ آج دنیا میں اور کوئی جماعت نہیں جس کے امام کا خطبہ جمعہ دنیا کے سارے خطوں میں سنا جاتا ہو۔ امام جماعت احمدیہ کا خطبہ یورپ سے بھی براہ راست نشر ہوتا ہے۔ افریقہ سے بھی، امریکہ سے بھی، کینیڈا سے بھی، ایشیا سے بھی اور آسٹریلیا سے بھی۔

ہمارا تو ہر جلسہ سالانہ بھی عالمگیر ہو گیا ہے۔ ہر عالمی بیعت بھی مذہب کی تاریخ کا انوکھا اور نرالا واقعہ ہے۔ ایم ٹی اے کے ذریعے چشم فلک نے پہلی بار لاکھوں ہاتھوں کو ایک ساتھ دعا کے لئے اٹھتے دیکھا ہے۔ عالمی درس قرآن، عالمی مجالس عرفان، عالمی نکاح، عالمی جنازے، عالمی سجدہ تشکر کے ساتھ ہمارے تو نعرے بھی عالمگیر ہو چکے ہیں۔ اس نظام نے تو کل عالم کے احمدیوں کو خلافت کے ساتھ باندھ کر جسد واحد بنا دیا ہے۔

ایم ٹی اے نے دنیا کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ترجمۃ القرآن کا تحفہ دیا۔ ہومیوپیتھی کلاسوں کے ذریعے گھر گھر شفا کا نظام جاری کر دیا اور ہومیوپیتھی جیسی عظیم کتاب معرض وجود میں آئی۔

یہ ایم ٹی اے جو ہمیں قرآن و حدیث کے معارف سے آشنا کراتا ہے۔ سیرت صحابہ رسولؐ سے دلوں کو منور کرتا ہے۔ ہمیں پیارے مہدی کی پیاری باتیں سناتا ہے۔ اس کے خلفاء کے پرانے خطبات یاد کراتا ہے اور غیروں کو آئینہ دکھاتا ہے۔

تاریخ احمدیت کی جھلکیاں پیش کرتا ہے۔ کوکنگ اور پکوان کے پروگرام تخلیق کرتا ہے۔ زبانیں سکھاتا ہے۔

یہ ایم ٹی اے ہے جس نے قدرت ثانیہ کے ایک مظہر کو سفر آخرت پر روانہ ہوتے ہوئے دکھایا اور ایک مظہر کو پگڑی اور الیس اللہ کی مبارک انگوٹھی پہنتے ہوئے آشکارا کیا۔

ایک وہ تھا جسے ہزاروں بلکتی آنکھوں نے آنسوؤں کے ساتھ الوداع کیا اور دوسرا وہ ہے جس نے ہزاروں تھراتے ہوئے سینوں کو ایک جنبش لب سے سکینت بخش دی۔ جس کے ایک حکم پر سینکڑوں انسانوں نے بیٹھ کر اولین کی یاد تازہ کر دی۔

یہ ایم ٹی اے ہے جس نے 22/اپریل 2003ء سے ایک کلی کو پھول اور ایک ہلال کو بدر بنتے ہوئے لحہ لحہ کا منظر محفوظ کیا ہے۔ جس نے ایک کم گو اور شرم و حیا کے پیکر کی زبان سے حکمت اور معرفت کے چشمے سمیٹے ہیں۔ جس نے جانشین مسیح موعود کو بادشاہوں اور سربراہان مملکت کو پیغام حق سناتے ہوئے دکھایا ہے جس نے اس سیاح شہزادے کو یورپ، افریقہ، کینیڈا اور ایشیا کی سرزمین پر اترتے، محبت اور امن کا تحفہ عطا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

جس نے دھیمے سروں میں رواں دریا کو تیز آبشار میں ڈھلتے دکھایا ہے۔

یہ ایم ٹی اے جس نے حضور کو دورہ افریقہ کے دوران کچی سڑکوں پر دھول اڑاتی گاڑیوں کے قافلہ میں محو سفر دکھایا، جس نے حضور کو افریقہ کے دور دراز علاقوں میں بیوت الذکر اور سکولوں کا سنگ بنیاد رکھتے اور افتتاح کرتے دکھایا۔ جس نے محبت کے مارے اور الفت کے مجسموں کو حضور سے مصافحہ کرتے اور بغل گیر ہوتے ہوئے دکھایا۔ جس نے اجلے افریقیوں کو سفید براق لباسوں میں ملبوس اپنے امام کا بے تابانہ استقبال کرتے ہوئے اور "یا مسرور انی معک" کی لے کے ساتھ والہانہ ہاتھ بلند کرتے ہوئے دکھایا۔

یہ ایم ٹی اے ہے کہ جو ایک شفیق باپ کو بچوں اور بچیوں کے مابین جلوہ گر ہوتے ہوئے اور پھر ان میں پین اور سکارف تقسیم کرتے ہوئے دکھاتا ہے۔

یہ ایم ٹی اے ہے جو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کو ٹرین کے ذریعہ قادیان آتے ہوئے اور قادیان کی گلیوں اور کوچوں میں گھومتے ہوئے دکھاتا ہے۔

یہ ایم ٹی ہے جس نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی تصویر اور آواز کو قادیان سے کل عالم میں نشر کیا۔ جس نے حضور کو خطاب کرتے ہوئے، قادیان کی گلیوں میں پھرتے، حضرت مسیح موعود کے مزار پر دعا کرتے اور اپنے محبین میں تحفے بانٹتے دکھایا ہے۔

یہ ایم ٹی اے ہے جس کے ترانے معصوم بچے گاتے پھرتے ہیں جس نے بچوں کے ذوق اور دلچسپیاں بدل کر رکھ دی ہیں۔

ایم ٹی اے آج دنیا میں دین کی سچی نمائندگی کرنے والا ٹی وی چینل ہے جسے خلیفہ وقت کی رہنمائی میسر ہے۔ جو کل عالم کے لئے متعدد زبانوں میں 24 گھنٹے کی نشریات پیش کرتا ہے جس کے کارکنان تمام دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔ اس ٹی وی کی بنیاد خالص سچائی پر ہے۔ اس میں اداکاری اور جھوٹ اور تصنع کا کوئی شائبہ نہیں۔ یہ میک اپ سے پاک اور عریانی سے کلیۃً مبرا ہے۔ اعلیٰ ذوق کی ترویج کرتا ہے۔ جس کے تمام اخراجات طوعی چندوں سے پورے کئے جاتے ہیں۔ جس کے خدمتگاروں کو اللہ تعالیٰ خاص فضلوں سے نوازتا ہے۔

ایم ٹی اے محض ایک پھول نہیں، ایک گلدستہ نہیں پورا چمن ہے۔

یہ محض ایک شعر نہیں۔ ایک غزل نہیں پورا دیوان ہے۔

یہ محض ایک ستارہ نہیں نظام شمسی نہیں پوری کہکشاں ہے۔

یہ اتفاقی واقعہ نہیں تقدیر الٰہی کا زندہ و تابندہ نشان ہے۔

اس کا ایک طویل روحانی پس منظر اور سامنے ایک دلکش جہان ہے جس کے بچپن کی خبریں مسیحاؤں کے کلمات میں اور جوانی کی داستان شہنشاہ صداقت کے ارشادات میں محفوظ ہے۔ جس کی داغ بیل اور نگرانی خدا کے مقدس خلفاء کے لئے مقدر ہے۔

## گلاس

ساتویں صدی میں مشرق وسطیٰ میں گلاس کا استعمال عام تھا۔ عراق کے شہر سامرا میں گلاس بنائے جاتے تھے۔ موصل اور نجف میں بھی اعلیٰ قسم کا گلاس بنتا تھا۔ دمشق کے علاوہ رقہ، حلب، سیڈون، ہبران بھی گلاس بنانے کے مراکز تھے۔ دمشق کا گلاس پوری اسلامی دنیا میں سب سے اچھا سمجھا جاتا تھا۔ گلاس سے فلاسک، بوتلیں، شراب کی بوتلیں، اور عطر کی شیشیاں نیز کیمسٹری کے تجربات کے لیے ٹیسٹ ٹیوب بنائی جاتی تھیں۔ گیارہویں صدی میں گلاس کھڑکیوں میں لگایا جاتا تھا۔ بارہویں صدی میں مسلمان منقش گلاس استعمال کرتے تھے۔ گلاس کے استعمال کے لیے مصر میں قاہرہ اور اسکندریہ مشہور تھے۔ گیارہویں صدی میں یونان میں مصر کے کاریگروں نے دو فیکٹریاں لگائیں تو یورپ میں اس کا استعمال شروع ہوا۔ منگولوں کے حملوں کے بعد شام سے بہت سارے کاریگر یورپ چلے گئے۔ پھر صلیبی جنگوں کے دوران وینس (اٹلی) کے کاریگروں نے 1277ء کے ایک معاہدے کے تحت شام سے گلاس بنانا سیکھا۔ وینس کے لوگوں نے اس فن کو خوب ترقی دی اور تیرہویں صدی میں آرٹ کا مظاہرہ گلاس پر کیا جانے لگا۔

اسلامی سپین میں غالباً ابن فرناس نے سب سے پہلے گلاس بنایا تھا۔ اس نے اپنے گھر میں ایک پلینی ٹیریم بنایا جس میں ستارے، بادل حتیٰ کہ آسمانی بجلی کو بھی دیکھا جاسکتا تھا۔ مشہور عرب امریکن تاریخ دان فلپ حتی نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ابن فرناس دنیا کا پہلا انسان تھا جس نے قرطبہ کی پہاڑی سے ہوا میں اڑنے کی کوشش کی تھی۔

# وصایا

## ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

### مسل نمبر 61880 میں راضیہ عارف

بنت شیخ محمد عارف قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نیو شاد باغ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 22-4-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور اندازاً مالیتی -/7500 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ راضیہ عارف گواہ شد نمبر 1 شیخ محمد عارف والد موصیہ گواہ شد نمبر 2 شفیق احمد بھٹی مربی سلسلہ ولد عبدالرشید

### مسل نمبر 61881 میں شہناز عارف

زوجہ شیخ محمد عارف قوم شیخ پیشہ خانہ داری عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نیو شاد باغ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 24-4-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بذمہ خاوند -/10000 روپے۔ 2۔ چار چوڑیاں ساڑھے تین تولے اندازاً قیمت -/39500 روپے۔ 3۔ زیورات کل وزن ساڑھے سات تولے مالیتی -/77000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ شہناز عارف گواہ شد نمبر 1 شیخ محمد عارف ولد شیخ محمد طفیل گواہ شد نمبر 2 شفیق احمد بھٹی مربی سلسلہ سلطان پورہ ولد عبدالرشید

### مسل نمبر 61882 میں ثمن عباس

بنت غلام عباس قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گھوڑے شاہ روڈ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 8-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ ایک جوڑی بالیاں کل مالیت -/2000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ ثمن عباس گواہ شد نمبر 1 ماسٹر بشیر احمد ولد نذیر احمد گواہ شد نمبر 2 شفیق احمد بھٹی مربی سلسلہ ولد عبدالرشید

### مسل نمبر 61883 میں سعدیہ عباس

بنت غلام عباس قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن علامہ اقبال سٹریٹ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 8-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زیور طلائی کل مالیت -/3000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ سعدیہ عباس گواہ شد نمبر 1 ماسٹر بشیر احمد ولد نذیر احمد گواہ شد نمبر 2 شفیق احمد بھٹی مربی سلسلہ ولد عبدالرشید

### مسل نمبر 61884 میں مخدوم احمد ڈوگر

ولد مقصود احمد ڈوگر قوم ڈوگر پیشہ طالب علم عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن شاہین پارک مغل پورہ لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد مخدوم احمد گواہ شد نمبر 1 محمد شعیب ولد عبدالستار گواہ شد نمبر 2 عطاء الحسن ولد عبدالخالق شاد

### مسل نمبر 61885 میں ناصرہ حفیظ بٹ

زوجہ عبدالحفیظ بٹ قوم بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن خان کالونی لاہور کینٹ ضلع لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 7-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور وزنی 15 تولے مالیت -/130000 روپے۔ 2۔ حق مہر وصول شدہ -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ ناصرہ حفیظ بٹ گواہ شد نمبر 1 عبدالحفیظ بٹ عبدالمجید بٹ گواہ شد نمبر 2 عبدالمجید بٹ ولد عبدالرحیم

### مسل نمبر 61886 میں محمد یونس انور

ولد محمد سرور خان قوم راجپوت پیشہ پنشنر عمر 68 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ککڑ گل ضلع شیخوپورہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زرعی زمین بارانی رقبہ 34 کنال 5 مرلے مالیتی -/625000 روپے۔ 2۔ رہائشی مکان رقبہ 2 مرلہ مالیتی -/30000 روپے۔ 3۔ سکول بلڈنگ رقبہ 10 مرلہ اندازاً مالیتی -/300000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3950 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/30000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد یونس انور گواہ شد نمبر 1 محمد امان اللہ ولد غوث محمد گواہ شد نمبر 2 اعجاز احمد ولد محمد سرور خان

### مسل نمبر 61887 میں محمد شریف

ولد شاہ محمد قوم وڑائچ پیشہ زراعت عمر 64 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گگو منڈی تحصیل بوریوالہ ضلع وہاڑی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ...... میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زرعی زمین غیر آباد بارانی آٹھ مربع واقع ضلع راجن پور۔ اس وقت مجھے مبلغ -/50000 روپے سالانہ بصورت زراعت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد شریف گواہ شد نمبر 1 شکیل احمد طاہر مربی سلسلہ ولد جمیل احمد طاہر گواہ شد نمبر 2 تنویر احمد ولد احمد دین

### مسل نمبر 61888 میں منصور احمد

